www.pildat.org

بریفنگ سیشن رپورٹ

پاکستان میں قومی اور صوبائی مقننہ کی حاکمیت کو تقویت دینے کا منصوبہ

بریفنگ سیشن برائے اراکین پارلیمنٹ

پاکستان کا دستوری جائزہ

02 اگست 2004ء
میریئیٹ ہوٹل، اسلام آباد

پلڈاٹ
پاکستان انسٹیٹیوٹ آف
لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ
اینڈ ٹرانسپیرنسی

www.pildat.org

بریفنگ سیشن رپورٹ

پاکستان میں قومی اور صوبائی مقننہ کی حاکمیت کو تقویت دینے کا منصوبہ

بریفنگ سیشن برائے اراکین پارلیمنٹ

پاکستان کا دستوری جائزہ

02 اگست 2004ء
میریئٹ ہوٹل، اسلام آباد

پلڈاٹ
پاکستان انسٹیٹیوٹ آف
لیجسلیٹو ڈویلپمینٹ
اینڈ ٹرانسپیرینسی

مرتب کردہ

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپرنسی۔پلڈاٹ

بطور رکن

PLSC
Pakistan Legislative
Strengthening
Consortium

پاکستان کنسورشیم برائے تقویت مقنّنہ (پی ایل ایس سی)

اس کتابچے کی اشاعت امریکی ایجنسی برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کی مالی معاونت سے ممکن ہوسکی جو اس نے ایوارڈ نمبر 00-391-A-00-03-01012 کے تحت فراہم کی۔ اس میں شامل آراء مصنف کی اپنی ہیں اور ضروری نہیں کہ یہ امریکی ایجنسی برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے نظریات کی عکاس ہوں۔

مالی معاونت

USAID
FROM THE AMERICAN PEOPLE

ہم شعبہ برائے بین الاقوامی ترقی یو کے (DFID) کی مدد کے لئے بھی ممنون ہیں۔

DFID
Department for
International
Development (UK)

شائع کردہ

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپرنسی۔پلڈاٹ

5۔اے ظفر علی روڈ، گلبرگ-V، لاہور 54000، پاکستان

جنوری 2005

مندرجات

اظہار تشکر

خلاصہ

پس منظر

تعارفی خطاب

جناب احمد بلال محبوب، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پلڈاٹ 09

پاکستان کے آئین کا اجمالی جائزہ

ڈاکٹر سید جعفر احمد، ڈائریکٹر مطالعہ پاکستان مرکز، کراچی یونیورسٹی 10

17 آئینی ترامیم کا جائزہ

جسٹس فخرالدین جی ابراہیم، سابق وزیر قانون 13

پاکستان اور بھارت کے آئین: ایک تقابلی جائزہ

پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر، پروفیسر شعبہ سیاسیات پنجاب یونیورسٹی 15

تبصرہ

سینئر پروفیسر خورشید احمد، چیئرمین انسٹیٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز 17

سوالات و جوابات/ اظہار رائے 19

صدارتی کلمات

مخدوم شاہ محمود قریشی، رکن قومی اسمبلی 24

ضمیمے

ضمیمہ (الف) بریفنگ سیشن کا پروگرام 25
ضمیمہ (ب) شرکاء کی فہرست اور خاکہ 29
ضمیمہ (ج) جناب احمد بلال محبوب کی پریزنٹیشن 37
ضمیمہ (د) جسٹس فخرالدین جی ابراہیم کی تقریر 41
ضمیمہ (ر) پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر کی تقریر 57

اظہار تشکر

پلڈاٹ، پی ایل ایس سی کے رکن کی حیثیت سے یو ایس ایڈ کا ممنون ہے جنہوں نے دستور کے اجمالی جائزے کے موضوع پر اس بریفنگ سیشن کے لئے مالی معاونت فراہم کی۔ ہم جناب ڈاکٹر سید جعفر احمد، جسٹس فخر الدین جی ابراہیم، پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر اور سینیٹر پروفیسر خورشید احمد کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے بریفنگ سیشن میں شرکت فرما کر اپنے قیمتی خیالات کا اظہار کیا اور اراکین پارلیمنٹ کی دستور اور دستور سازی سے متعلق معلومات میں اضافہ کیا۔

ہم مخدوم شاہ محمود قریشی رکن قومی اسمبلی کے بھی شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اس بریفنگ سیشن کی صدارت فرمائی اور اپنے قیمتی وقت میں سے کچھ حصہ ہمیں دیا۔

پلڈاٹ معزز اراکین اسمبلی و سینیٹ کا بھی شکر گزار ہے جنہوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور دستور سازی پر منعقد کردہ اس بریفنگ سیشن میں بھرپور حصہ لیا۔

اظہار برأت

پلڈاٹ نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ اس رپورٹ کی تحریر و ترتیب میں مکمل غیر جانبداری سے کام لیا جائے اور ہر مقرر کی تقریر کے اہم نکات بلا کم و کاست بیاں کئے جائیں، اس رپورٹ کو معروضی انداز میں مرتب کیا گیا ہے تاہم پلڈاٹ کسی غلطی یا کوتاہی کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا کیونکہ اگر کہیں ایسا ہوا تو وہ ارادتاً نہیں۔

خلاصہ

دستور پاکستان کے اجمالی جائزے کے موضوع پر پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی -پلڈاٹ نے USAID کے تعاون سے 02 اگست 2004ء کو ہوٹل میریئٹ اسلام آباد میں اراکین پارلیمنٹ اور سینٹ کے لئے ایک روزہ بریفنگ سیشن کا انعقاد کیا۔ یہ بریفنگ سیشن پلڈاٹ کے پروگرام برائے تقویت اراکین پارلیمنٹ کا حصہ تھی ۔جس کا بنیادی مقصد اراکین پارلیمنٹ کی دستور اور دستور سازی سے متعلق معلومات میں اضافہ کرنا ہے۔اس بریفنگ سیشن میں اراکین پارلیمنٹ کو ہندوستان اور پاکستان کے دساتیر کا تقابلی جائزہ بھی پیش کیا گیا اور اس کے علاوہ مختلف ادوار میں پاکستان میں ہونے والی دستوری ترامیم کے بارے میں بھی بتایا گیا۔

بریفنگ سیشن میں جسٹس فخر الدین جی ابراہیم نے دستور پاکستان میں کی جانے والی سترہ ترامیم کا ایک جائزہ پیش کیا اور ساتھ ہی ساتھ انہوں نے جمہوری عمل میں رکاوٹ بننے والے فوجی اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔انہوں نے جمہوریت میں عدلیہ کے کردار پر بھی روشنی ڈالی اور اس کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ان کے علاوہ ڈاکٹر سید جعفر احمد نے دستور پاکستان کی مختصر تاریخ کا خلاصہ پیش کیا اور دستور سازی میں قیام پاکستان سے لے کر LFO تک پیش آنے والے حالات و واقعات کا تفصیل سے جائزہ لیا۔ پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر نے دساتیر بھارت و پاکستان کا تقابلی موازنہ پیش کیا۔ بریفنگ سیشن کے آخر میں سینیٹر پروفیسر خورشید احمد نے اراکین پارلیمنٹ پر زور دیا کہ دستور یا آئین سازی کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی ضروری ہے کہ قوانین کو لاگو کرنے کے لئے حکومتوں پر دباؤ بھی ڈالا جائے۔

بریفنگ سیشن میں اراکین اسمبلی نے گرمجوشی کے ساتھ شرکت کی اور تمام مقررین اور شرکاء نے اس رائے کا اظہار کیا کہ اس بریفنگ سیشن سے انہیں نہ صرف دستور کو سمجھنے میں مدد ملی بلکہ دستوری ترامیم کے بارے میں بھی معلومات میں اضافہ ہوا۔

پس منظر

پلڈاٹ بحیثیت رکن پی ایل ایس سی جو کہ ایک بین الاقوامی اداروں کا کنسورشیم ہے۔ پاکستان میں تعمیر صلاحیت قانون سازی کا کام کر رہا ہے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے بیشتر ورکشاپ اور بریفنگ سیشن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ پی ایل ایس سی میں پلڈاٹ کے علاوہ 4 اور ادارے ہیں جو کہ سول سوسائٹی کے لئے اپنی کاوش مختص کرتے ہیں چونکہ پلڈاٹ کے ذمے تعمیر صلاحیت قانون سازی کا کام ہے۔ اس لئے پلڈاٹ نے ملک کے دیگر علاقوں میں مختلف موضوعات پر ورکشاپس اور بریفنگ سیشنز کا انعقاد کیا۔ اس تمام منصوبے کا بنیادی مقصد قومی اور صوبائی مقنّنہ کی حاکمیت کو مستحکم کرنا تھا۔ پلڈاٹ اپنے پروگرام برائے تقویت اراکین اسمبلی کے تحت قومی اور صوبائی اسمبلی کے اراکین کی اہلیت میں اضافہ کے لئے اہم قومی معاملات پر کانفرنسوں اور بریفنگ سیشنوں کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ دستور سازی اور دستوری ترامیم ہمیشہ سے پاکستان میں ایک ایسا موضوع رہا ہے جس کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ جمہوریت اور جمہوری اداروں کی پائیداری کے لئے ضروری ہے کہ پارلیمنٹ کو مضبوط اور فعال بنایا جائے لیکن یہ اسی وقت ممکن ہے جب آپ اراکین پارلیمنٹ کی آئین اور آئین سازی سے متعلق معلومات میں اضافہ کریں۔ اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے پلڈاٹ نے اراکین پارلیمنٹ کے لئے دستور سازی اور اس میں ترامیم کے موضوع کو زیر بحث لانے کا ارادہ کیا۔

اس بریفنگ سیشن کے انعقاد کا ایک مقصد یہ ہے کہ اراکین پارلیمنٹ کو ان کے کردار کے بارے میں ادراک اور معلومات ہوں خصوصاً دستور اور دستوری ترامیم سے متعلق طریقہ کار سے انہیں آگاہی ہو۔ اس کے علاوہ اس بریفنگ سیشن کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ شرکاء کے درمیان مکالمے کو فروغ دیا جائے جو معلومات کو بہتری کی طرف لے جاسکے۔ توقع ہے کہ ان مقاصد کے حصول کے لئے یہ بریفنگ سیشن مفید ثابت ہوگا۔

بریفنگ سیشن کا مکمل پروگرام ضمیمہ (الف) میں موجود ہے۔ بریفنگ سیشن میں سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے شرکاء کی مکمل فہرست اور خاکہ ضمیمہ (ب) میں ملاحظہ کیجئے۔

تعارفی خطاب

جناب احمد بلال محبوب
ایگزیکٹو ڈائریکٹر پلڈاٹ

جناب احمد بلال محبوب نے اپنے افتتاحی کلمات میں بریفنگ سیشن کا تعارف کرواتے ہوئے کہا کہ اس بریفنگ سیشن کا بنیادی مقصد اراکین پارلیمنٹ کو بنیادی قوانین سے آگاہی دینا ہے تا کہ یہ پارلیمنٹیریز پارلیمنٹ میں موثر کردار ادا کرسکیں اور پارلیمنٹ کومظبوط بنا سکیں انہوں نے کہا کہ پلڈاٹ ایسے موضوعات پر بریفنگ سیشنز اس لئے منعقد کرتا ہے تا کہ پاکستان میں جمہوریت اور جمہوری اداروں کو مستحکم کیا جائے اور پارلیمنٹ کو مضبوط بنایا جائے۔ جناب احمد بلال محبوب نے کہا کہ ان بریفنگ سیشنز کے ذریعے ہم کوشش کرتے ہیں کہ فاضل اراکین اسمبلی اور اسمبلی کے سیکرٹریٹ کے اراکین کے علم میں اضافہ کیا جائے تا کہ وہ جمہوریت اور جمہوری اداروں کے استحکام کے لئے موثر کوششیں کرسکیں۔

جناب احمد بلال محبوب نے کہا کہ پلڈاٹ ایک غیر منافع بخش، تحقیقاتی، تربیتی ادارہ ہے۔ اور یہاں کے مقامی حالات اور صورتحال سے اچھی طرح سے آگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ غیر سیاسی تنظیم نہیں ہے بلکہ یہ ایک سیاسی لیکن غیر جانبدار تنظیم ہے انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں پلڈاٹ کے لئے یکساں محترم ہیں کیوں کہ پاکستان کے سیاسی نظام کے لئے ان تمام سیاسی جماعتوں کی یکساں اہمیت ہے۔ جناب احمد بلال محبوب نے کہا کہ پلڈاٹ کی بنیادی توجہ پارلیمنٹ کو تقویت دینا ہے تا کہ پارلیمانی نظام کو مستحکم کیا جا سکے۔

پاکستان کے آئین کا اجمالی جائزہ

ڈاکٹر سید جعفر احمد
ڈائریکٹر مطالعہ پاکستان مرکز، کراچی یونیورسٹی

دستور سازی کا پس منظر بیان کرتے ہوئے جناب ڈاکٹر سید جعفر احمد صاحب نے کہا کہ قیام پاکستان کے وقت گو کہ مسلم لیگ نے دستور کا کوئی مسودہ نہیں بنایا تھا لیکن چند بنیادی چیزوں کے متعلق اتفاق رائے پایا جاتا تھا جن میں سب سے پہلی یہ تھی کہ پاکستان میں پارلیمانی نظام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کو انگریز سے ہمیشہ یہ شکایت رہی تھی کہ انہوں نے اپنے ملک میں جس طرح کا پارلیمانی نظام بنا رکھا تھا اسے ہندوستان میں کیوں قبول نہیں کرتے یا جوابدہ حکومت کے نگران کو یہاں کیوں نہیں لے کر آتے ۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے 1927ء میں دہلی مسلم تجاویز میں کہا تھا کہ وہ جداگانہ انتخاب کی شرط بھی چھوڑ سکتے ہیں بشرطیکہ بلوچستان اور سرحد کو صوبہ بنایا جائے اور سندھ کو بمبئی سے الگ کیا جائے۔ اس طرح پاکستان بننے سے پہلے بھی یہ بات سب کے علم میں تھی کہ پاکستان ایک وفاقی نظام کا حامل ملک بنے گا۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی 26 جولائی 1947ء کو وجود میں آئی اور 10 اگست 1947ء کو اس کا پہلا اجلاس ہوا 12 اگست کو اس نے جو اپنی پہلی

کمیٹی بنائی جس کا مقصد بنیادی حقوق اور اقلیتوں کے حقوق کو طے کرنا تھا۔ 12 مارچ 1949ء کو دستور ساز اسمبلی میں قرارداد مقاصد پاس ہوئی اور اس کے ساتھ ہی ایک کمیٹی بنائی گئی جسے بنیادی اصول وضع کرنے اور وفاقی نظام حکومت کے حوالہ سے سفارشات مرتب کرنے کا کام دیا گیا۔ اس کمیٹی کی رپورٹ 11 جولائی 1950ء کو پیش ہوئی۔ یہ ایک نامکمل رپورٹ تھی پھر دوسری رپورٹ 22 دسمبر 1952ء کو آئی۔ 7 اکتوبر 1953ء کو محمد علی بوگرہ صاحب نے مشرقی اور مغربی پاکستان کی نمائندگی کا بحران حل کیا اور اس دستور کے اندر پارلیمانی طرز کے نظام کو اہمیت دی۔ شاید یہ چیزیں اس وقت کے گورنر جنرل اور ان کے رفقاء کو مطلوب نہیں تھیں۔ چنانچہ 24 اکتوبر 1954ء کو اسمبلی کو توڑ دیا گیا۔ اس کے بعد ایک آئینی بحران آیا اور اس بحران کا حل یوں نکلا کہ 25 مئی 1955ء کو دوسری دستور ساز اسمبلی وجود میں آئی۔ اور اس اسمبلی نے 29 فروری 1956ء کو ایک دستور پیش کیا۔ یہ 1956ء کا دستور کہلایا۔

1956ء کے دستور کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ دستور بہت ساری سیاسی مصلحتوں کا حامل تھا اس کے علاوہ اس میں کچھ چیزوں کو غیر طے شدہ چھوڑ دیا گیا تھا، کہا گیا کہ یہ بعد میں قانون سازی کے ذریعے کیا جائے گا یہ دستور ملک کو استحکام فراہم نہیں کرسکا۔ اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ دستور گو کہ پارلیمانی قرار دیا جارہا تھا لیکن اس میں صدر کو غیر معمولی اختیارات دیئے گئے تھے اور صدر اپنی صوابدید پر کسی کو وزیراعظم نامزد کرسکتا تھا اور اسمبلی کی رائے طلب کئے بغیر اس کو رخصت کیا جاسکتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ 1956ء سے 1958ء کے درمیان چار وزرائے اعظم تبدیل کر دیئے گئے۔ پھر 7 اکتوبر 1958ء میں سکندر مرزا صاحب نے ملک میں مارشل لاء نافذ کیا اور جنرل ایوب خان کو چیف مارشل ایڈمنسٹریٹر بنا دیا گیا۔ ایوب خان نے 20 روز کے بعد سکندر مرزا کو رخصت کیا اور اس طرح سے وہ ملک کے حکمران بن گئے۔ 27 اکتوبر 1959ء کو ایوب خان نے بنیادی جمہورتیوں کا نظام نافذ کیا اور اس میں 80 ہزار اراکین کی گنجائش رکھی گئی تھی۔ ان اراکین نے بعد میں ریفرنڈم کے ذریعے ایوب خان کو صدر منتخب کیا۔ 1962ء کے دستور میں صدر کو غیر معمولی اختیارات دیئے گئے لیکن ایوب خان کا دستور ان کے ساتھ ہی رخصت ہوا اور 25 مارچ 1969ء میں پھر مارشل لاء نافذ کر دیا گیا اور جنرل یحیٰی خان چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بنے اور انہو ں نے یہ اعلان کیا کہ جونہی حالات نارمل ہوں گے وہ ملک میں اگلی دستور ساز اسمبلی کے لئے انتخابات کروائیں گے۔ انہوں نے ایل ایف او جاری کیا، مغربی پاکستان میں جو ون یونٹ تشکیل کیا گیا تھا، 1955ء میں وہ ختم کیا گیا۔ سابقہ صوبے بحال ہوئے، بلوچستان پہلی بار صوبہ بنا اور ایل ایف او نے وہ نقشہ پیش کیا جس کے تحت ملک میں اگلے الیکشن بالغ رائے دہی کی بنیاد پر منعقد ہونے تھے اور اس میں مشرقی پاکستان اور باقی صوبوں کو آبادی کی بنیاد پر اسمبلی میں رکنیت دی گئی۔ دسمبر 1970ء میں جو انتخابات ہوئے ان کے نتائج اس وقت کے حکمرانوں کے لئے قابل قبول نہیں تھے کیوں کہ 300 جنرل سیٹوں کے انتخابات میں سے عوامی لیگ نے 160 نشستیں جیتیں اور اس طرح سے اس کو بالا دستی حاصل ہوئی۔ یہاں سے ایک اور سیاسی بحران شروع ہوا اور حکومت اور عوامی لیگ اور پیپلز پارٹی کسی اشتراکِ فکر تک نہیں پہنچ سکے۔ نتیجتاً ایک ملٹری آپریشن ہوا اور مشرقی پاکستان کی علیحدگی پر منتج ہوا۔

ذوالفقار علی بھٹو کے دور کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھٹو صاحب نے 20 دسمبر 1971ء کو چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور صدر کا منصب سنبھالا اور اپریل 1972ء میں مارشل لاء اس وقت ہٹایا جب ایک عبوری دستور اسمبلی سے منظور کروالیا گیا۔ یہ عبوری دستور ایک متضاد خصوصیات کا حامل دستور تھا جس میں مرکز میں صدارتی طرز حکومت اور صوبوں میں پارلیمانی طرز حکومت رکھا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دستور نو دس مہینے چلا لیکن شاید اس دستور کا یہی تضاد مرکز اور بلوچستان اور سرحد کی حکومتوں کے درمیان بحران کا باعث بنا جس کی وجہ سے بلوچستان حکومت توڑ دی گئی۔ عبوری دستور کی منظوری کے ساتھ ایک دستوری کمیٹی بنائی گئی اس کمیٹی نے دستوری مسودہ 10 اپریل 1973ء کو اسمبلی میں پیش کیا۔ اس کے بعد 10 اپریل کو دستور منظور ہوا اور 12 اپریل کو صدر نے اس پر دستخط کئے اور 14 اگست 1973ء کو دستور قابل عمل ہوا۔

دستور میں ترامیم کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 1973ء سے اس دستور میں 17 ترامیم ہو چکی ہیں جس میں سے تین ترامیم مختلف وجوہات کی بناء پر پاس نہیں ہوئیں البتہ 14 ترامیم دستور کا حصہ بن چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1973ء کے دستور کا ایک اہم پہلو دستور کی بقاء کا موضوع ہے اور اسی ضمن میں یہ کہا گیا کہ قومی اسمبلی کو صدر وزیراعظم کے مشورہ سے توڑ سکتا ہے جو کہ ایک عام پارلیمانی طریقہ ہے۔ اس کو مزید مضبوط کرنے کے لئے یہ کہا گیا کہ ایک ایسا وزیراعظم جس کے خلاف عدم اعتماد کی قرارداد پیش ہو چکی ہو یا جس پر ووٹ ہونے والا ہو وہ صدر کو اسمبلی کو توڑنے کا مشورہ نہیں دے سکتا تھا۔ آٹھویں ترمیم نے دستور کے آرٹیکل 58 میں ترمیم کی اور اس ترمیم کے نتیجہ میں اسمبلیوں کو توڑنے کا اختیار صدر کو دے دیا گیا کہ وہ اپنی صوابدید پر اسمبلی کو توڑ سکتا تھا۔ اب اسمبلی کا قائم رہنے کا انحصار صدر پر تھا۔ اس ترمیم سے 1973ء کے دستور کا جو پارلیمانی کردار ہے وہ بڑی حد تک متاثر ہوا۔ یہی وجہ

ہے کہ 1988ء سے 1996ء کے درمیان چار مرتبہ صدر نے اس شق کو استعمال میں لاتے ہوئے اسمبلی کو توڑا۔ 13ویں آئینی ترمیم نے جو کہ 4 اپریل 1997ء کو منظور ہوئی۔ صدر کے اس اختیار کو واپس لے لیا گیا لیکن تیرھویں ترمیم کی ان چیزوں کو پھر ایل ایف او 2002ء نے ختم کیا اور اس وقت جو دستور کی پوزیشن ہے اس میں پھر صدر کے پاس یہ اختیارات موجود ہیں۔

عدلیہ کے حوالہ سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک وفاقی نظام ہے اور وفاقی نظام میں عدلیہ کا بہت اہم کردار ہوتا ہے یہ دستور کی محافظ ہوتی ہے۔ اور ہمارے دستور میں سپریم کورٹ کو اختیار دیا گیا ہے اگر دو وحدتوں کے درمیان یا کسی ایک وحدت اور مرکز کے درمیان کوئی اختلاف ہے تو اس میں عدلیہ ثالثی کا کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ بدقسمتی سے پاکستان کی تاریخ میں وہ کردار ادا نہیں کر سکی یا اسے وہ کردار ادا کرنے نہیں دیا گیا جو اسے کرنا چاہئے تھا۔

آخر میں انہوں نے سول ملٹری آپریشن سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ہمیشہ سے فوج اور سول حکمرانی کے درمیان چپلقش رہی ہے۔ جس کے نتیجہ میں ملک کی تاریخ کا آدھا حصہ فوجی حکومتوں کی نذر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اس کا آئین کے ذریعے سے تدارک کرنے کی کوشش 1973ء میں کی گئی۔ لیکن وہ ناکافی ثابت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے ذریعہ سے فوجی اقدامات کو یا فوج کے اقتدار میں آنے کو نہیں روکا جا سکتا۔ فوج کے اقتدار میں آنے کے اپنے سماجی و معاشی، سیاسی اور اقتصادی اور بین الاقوامی سیاست سے متعلق اسباب ہوتے ہیں اور فوج دستوری طریقہ کار کو دیکھ کر یہ فیصلہ نہیں کر رہی ہوتی کہ اسے اقتدار میں آنا ہے کہ نہیں آنا۔ انہوں نے کہا کہ عام طور سے صرف اس بنیاد پر کہ فوج کا اقدام کامیاب ہو گیا ہے۔ عدالتیں بھی اس کی حمایت کرتی رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں فوجی حکمرانی کے سلسلہ کو ختم کرنے کے لئے ایک بہت جاندار، فعال اور جمہوریت پر یقین رکھنے والی سول سوسائٹی کی ضرورت ہے اور جب تک وہ سول سوسائٹی توانا شکل میں ہمارے سامنے نہیں آئے گی اس وقت تک طاقت کا توازن فوج کی طرف ہی رہے گا۔

17 آئینی ترامیم کا جائزہ

جسٹس فخرالدین جی ابراہیم
سابق وزیر قانون



جسٹس فخرالدین جی ابراہیم نے کہا کہ اب صحیح بات کرنے کا وقت آگیا ہے۔اس لئے ضروری ہے کہ آج صحیح بات کر دی جائے اس سے پہلے کہ ہمارے پاس وقت ہی نہ رہے۔ دستور کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عام قانون شکنی سے معا شرے میں سیاسی افراتفری پھیلتی ہے تو اندازہ کریں کہ اگر ہم دستور کا حلیہ بگاڑ دیں گئے تو کیا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ دستور کسی بھی ریاست کے دل کی حیثیت رکھتا ہے اور آئین نہ صرف آپ کی پہچان ہوتا ہے بلکہ یہ نظام کو چلانے میں بھی مدد کرتا ہے۔

دستور سازی کی تاریخ بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے اپنا آئین ایک سال نو ماہ کی مدت میں مرتب کرلیا جو کہ دنیا کا سب سے بڑا آئین ہے اسکے بر عکس ذالفقار علی بھٹو صاحب نے ملک کو پہلا متفقہ آئین 1973 دیا جو کہ اُن کی واحد کامیابی تھی۔انہوں نے کہا کہ غور کرنے کی بات یہ ہے جو آئین ہمیں ملا ہم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

دستوری ترامیم کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا 1974 میں ہم نے سیاسی جماعتوں

پر پابندی لگانے کی ترمیم منظور کی جو کہ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی تھی اسکے بعد آرٹیکل 199 کے تحت ہم نے ایسی سیاسی جماعتوں پر پابندی لگانا شروع کر دی جو کہ ہمارے خیال میں ملکی سالمیت کے خلاف کام کر رہی تھیں ۔ تیسری ترمیم 18 فروری 1975 میں آئی جس کے تحت کسی بھی شخص کو جو کہ ملک کے خلاف کام کر رہا ہو اسکو ایک ہفتے تک زیر حراست رکھا جا سکتا ہے بعد میں اس مدت کو بڑھا کر دو سال سے بھی زیادہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی کا نفاذ اس وقت ہو سکتا ہے جب پارلیمنٹ اسکی منظوری دے لیکن بعد میں کہا گیا کہ ایمرجنسی چلتی رہے گی جب تک کے پارلیمنٹ یہ کہے گی کہ ایمرجنسی نہیں چلے گی ۔ چوتھی آئینی ترامیم کے بارے میں انہوں نے کہا کہ آپ ایسے کسی زیر حراست شخص کی زمانت نہیں دے سکتے جو کہ ملکی سالمیت کو نقصان پہنچانے کا ذمہ دار ہو۔ پانچویں ترامیم میں کہا گیا کہ چیف جسٹس پانچ سال کے بعد چیف جسٹس نہیں رہے گا اس کا جونیئر چیف جسٹس بن جائے گا اور پہلا چیف جسٹس اسکی جگہ لے لگا اور اگر وہ ایسا کرنے سے انکار کرے تو ملازمت سے برخاست سمجھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہا ایک طرف تو آپ بغیر چیف جسٹس کے مشورے کے بغیر کسی بھی جج کو ایک سال کے اندر کسی دوسری جگہ نہیں بھیج سکتے ہیں اور دوسری طرف آپ عدلیہ کا یہ حال کر رہے ہیں۔

جسٹس فخر الدین جی ابراہیم نے کہا کہ عدلیہ نے جنرل ضیاء الحق کو محدود حد تک ترامیم کرنے کا اختیار دیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ عدلیہ اس پر پوری طرح نظر بھی رکھے گی کہ کہیں یہ ترامیم دستور کے خلاف تو نہیں کی جا رہیں۔ ساتھ ہی ساتھ اُن سے دوبارہ الیکشن کروانے کا وعدہ بھی لیا گیا اُس وقت کی عدلیہ کے فیصلے سے یہ بات صاف ظاہر ہوتی ہے کہ جنرل ضیاء الحق الیکشن کروانے کا وعدہ نہ کرتے تو اُن سے دستوری ترامیم کا اختیار واپس لے لیا جاتا انہوں نے کہا ضیاء صاحب نے ایک لمبے عرصے تک حکومت کی اور وقتاً فوقتاً دستور میں تبدیلیاں لاتے رہے۔ جنرل ضیاء کی حکومت کی طرح ہر حکومت کا ریکارڈ ایسا ہی رہا ہے۔ جس کا جو دل چاہا ہو تبدیلی لے آیا۔ کبھی کہا گیا کہ آپ حلف اگر نہیں لیں گے تو آپ کو فارغ کر دیا جائے گا اور کبھی کو اور وجہ تراش لی گئی۔

جنرل ضیاء کے ریفرنڈم کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ کہاں کا دستور ہے کہ فرد واحد یہ پوچھ رہا ہے کہ اگر آپ کو اسلام چاہیے تو مجھے 5 سال کے لئے منتخب کریں ۔ انہوں نے کہا کہ ضیاء الحق نے غیر جماعتی بنیادوں پر الیکشن کروائے لیکن کسی نے یہ دیکھنے کی کوشش نہیں کی کہ کیا دستور بھی اس کی اجازت دیتا ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے نہ تو کبھی دستور کی روح کو سمجھنے کی کوشش کی ہے اور نہ ہی کبھی اس کی بالادستی

ہونے دی ہے انہوں نے کہا 2-58 کی ترمیم لائی گئی لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا فیصلے کا حق اس طرح سے صدر کو دے دینا چاہیے کہ نہیں؟

انہوں نے کہا کہ جب نواز شریف صاحب کا دور آیا تو انہوں نے کئی ایک ترمیم کیں۔ جن میں سے ایک یہ تھی کہ اسمبلی کے لئے کام کرنے کے دن 160 سے کم کر کے 130 دن کر دیے گئے۔ اس کے بعد انہوں نے آئین میں تیرہویں ترمیم کی اور آرمی چیف کے عہدے کا تقرر صدر سے واپس لے لیا۔ جو کہ صدر ضیاء الحق نے ترمیم کر کے اپنے پاس رکھا تھا۔ جنرل ضیاء کا یہ اقدام قائداعظم کے اس فرمان کی کھلی خلاف ورزی تھی جس میں انہوں نے فوج کے لئے کہا تھا کہ یہ سیاسی حکومت کے احکامات پر عمل کرنے لئے تھے نہ کہ حکومت کرنے کے لئے۔

اکتوبر 1999ء کے اقدام پر انہوں نے کہا کہ اس سے بڑھ کر عدلیہ کے خلاف اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ جہاں خود ہی حکومتیں تبدیل کر دی جاتی ہیں اور کہا جاتا ہے کہ متعلقہ حکومت کو مجھے ریٹائر کرنے کا اختیار نہیں تھا کیونکہ اس نے قانون سے تجاوز کیا ہے اس لئے ان کو گھر بھیج دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس کا فیصلہ کرنے کا اختیار صرف اور صرف عدالت کو ہے۔ انہوں نے کہا عدلیہ کو اگر اسی طرح سے نظر انداز کیا جاتا رہا تو ہماری حفاظت کرنے والا کوئی نہ رہے گا۔
انہوں نے کہا اب تک جتنی بھی ترامیم ہوئی ہیں دیکھنے کی بات ہے کہ وہ صحیح بھی تھیں یا کہ غلط انہوں نے کہا آج بھی اگر سترھویں ترمیم یا LFO کو عدالت میں لے جایا جائے گا تو عدالت اس کو ضرور رد کر دے گی کیونکہ یہ دستور کی بنیادی اکائیوں کو نقصان پہنچاتی تھیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ایک دن ضرور آئے گا جب سترویں ترمیم کو بدل دیا جائے گا۔

پاکستان اور بھارت کے آئین: ایک تقابلی جائزہ

پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر
پروفیسر شعبہ سیاسیات پنجاب یونیورسٹی

ہندستان اور پاکستان کے دساتیر کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر نے کہا کہ آزادی کے بعد ہندوستان نے اپنے ملک کے اندر پائے جانے والی تمام ثقافتوں کو یکجا کیا اور انہیں سیکولرزم کا نام دیا۔ اس کے برعکس ہم نے پاکستان کو اسلامی نظام پر چلانے کی کوشش کی لیکن ہم کامیاب نہ ہوسکے اور آج تک اس پر اتفاق رائے نہیں ہوسکا کہ ہمیں کون سا نظام حکومت اپنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندستان کی خوش قسمتی یہ رہی کہ اسے ابتداء ہی سے ایک مضبوط مرکز ملا جو کہ سالہا سال سے چلا آ رہا تھا۔ پھر نہرو جیسا سیاسی لیڈر ملا جس نے کہ 3 الیکشن جیتے اور ہندستان کی اسمبلی کو دستور سازی کا موقع فراہم کیا۔ ویسے بھی ہندستان نے نہرو رپورٹ سے ہی دستور سازی کا کام شروع کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بدقسمتی یہ رہی کہ ہمارے پہلے دو آئین بیوروکریسی نے مرتب کئے۔ اس طرح کبھی تو پارلیمانی اور کبھی وفاقی حکومت کو تقویت دینے کی کوشش کی گئی۔ اس کے علاوہ مارشل لاء بھی لگتے رہے اور ہماری پوری کوشش رہی کہ ہم مرکز کو مضبوط کریں۔

پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر نے کہا کہ آج کے زمانے میں جو حکومتیں آئین کے مطابق الیکشن

کے ذریعے برسراقتدار آتی ہیں انہیں کوئی کارکردگی دکھانا پڑتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس جو کہ آزادی کی جنگ لڑ رہی تھی اسے موقع ملا کہ وہ حکومت بنائے اور اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کر سکے۔اس نے ملک کو ایسا دستوری استحکام دیا کہ آج بھی وہاں باقاعدگی سے الیکشن ہوتے ہیں حکومتیں بنتی ہیں اور اقتدار کی پرامن منتقلی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج وہاں ایک اقلیتی نمائندہ وزیراعظم بنا ہوا ہے جو کہ کبھی سوچا بھی نہیں جاسکتا تھا۔اس کے برعکس آزادی کے بعد ہمارے پاس کوئی مرکز ہی نہیں تھا اس کے علاوہ ہمارے سیاسی قائدین میں خود اعتمادی کی کمی تھی اور سب سے بڑھ کر ہمارے پاس وسائل کی کمی تھی اور مسلم لیگ کی ساکھ ڈانوا ڈول تھی۔ ہمارے پاس پڑھے لکھے افراد کی کمی تھی اس لئے ہم نے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935ء میں چند ترامیم کر کے اسے اپنا لیا اور باقاعدہ دستور سازی پر کوئی توجہ نہیں دی گئی۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان نے پہلی کوشش یہ کی کہ مرکز کو مضبوط کیا جائے اور دوسرا ڈویلپمنٹ کے نام پر سارے مسائل حل کر لینے کا خواب تھا لیکن ڈویلپمنٹ کا ہتھیار بھی ہمارے کام نہ آیا اور تیسری چیز لوگوں میں ایک جذبہ و یکجہتی پیدا کرنے کے لئے پاکستانی قومیت کا تصور جو کہ ہم نے یورپ سے لیا اس کو عام کرنے کی کوشش کی لیکن اب ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم اسلامی بھی ہیں، ہم پاکستانی بھی ہیں، ہم علاقائی بھی ہیں اور مقامی بھی۔

انہوں نے کہا کہ 1955ء میں مغربی پاکستان میں اکائیوں کا تشخص ختم کر دیا گیا اور ون یونٹ ترتیب دیا گیا اس طرح ایک بار پھر مرکز کو مضبوط کرنے کی کوشش کی گئی ۔حتی کہ 1973ء کے دستور میں بھی ہم نے مرکز کو سارے اختیارات دے دیئے جس نے اختیارات کا غیر منصفانہ استعمال کیا جس سے نہ صرف پاکستان دو حصوں میں تقسیم ہو گیا بلکہ بلوچستان میں دو دفعہ مسلح فوجی کاروائی کی گئی۔مرکز نے کوشش کی کہ وہ اختیارات پر حاوی رہے۔آخر کار سترھویں ترمیم نے ایک بار پھر ساری طاقت صدر کو دے دی اور مرکز کو مضبوط کرنے کی پرانی روش کو جاری رکھا۔

انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا آئین سب سے زیادہ جامع اور تفصیلی آئین ہے اور اس میں بہت ساری دفعات ایسی ہیں جو گورنمنٹ آف ایکٹ 1935ء سے لی گئیں ۔انہوں نے کہا کہ آزادی سے پہلے مسلم لیگ کی ہمیشہ سے یہ خواہش رہی کہ صوبوں کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیے جائیں لیکن 1947ء کے بعد اس کے بالکل برعکس صورتحال دیکھنے میں آتی ہے جو کہ غور طلب بات ہے۔

صدر کے اختیارات کے بارے میں انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہندستان کا صدر وزیراعظم کی تحریری درخواست کے بغیر ایمر جنسی نافذ نہیں کر سکتا۔اسی طرح آرمی چیف کی تقرری صدر کرتا ہے لیکن اس کا وزیراعظم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا۔اس کے علاوہ نیشنل سکیورٹی کونسل کے 32 ممبران ہیں اور ابھی تک 6 سالوں میں اس نیشنل سکیورٹی کونسل کا کوئی عمل دخل دیکھنے میں نہیں آیا۔انہوں نے کہا کہ ہماری اور ہندستانی فوج میں بنیادی فرق یہ ہے کہ ان کی فوج ہر منتخب حکومت کی بات سنتی ہے اور اسی کی احکامات پر عمل کرتی ہے اور پوری طرح جوابدہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ ہندستان تمام مسائل کے باوجود پارلیمنٹ کی بالا دستی قائم کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندستان میں تمام قباحتوں اور مشکلوں کے باوجود ایک سولین حکومت ہمیشہ قائم رہی لیکن ہمارے ہاں ابھی تک سولین حکومت کو چلنے ہی نہیں دیا گیا۔

تبصرہ

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد

چیئرمین انسٹیٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد نے کہا کہ دستور کی تین بنیادی شکلیں ہوتی ہیں۔ جن میں پارلیمانی، وفاقی اور تیسرا اس کا نظریاتی اور اسلامی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے تینوں مقالہ جات میں پہلے دو پہلوؤں پر تو خاصی اچھی گفتگو ہوئی ہے لیکن تیسرا اہم پہلو نظر انداز رہا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی اس گفتگو کا مقصد پارلیمنٹیریز کے سامنے ایک طرف تو دستور کی صحیح تاریخ اور اس کی خصوصیات کو رکھنا تھا اور ساتھ ہی یہ بات بھی مدنظر رکھنا کہ دستور آپ سے کیا مطالبہ کرتا ہے؟ سینیٹر پروفیسر خورشید احمد نے کہا کہ آپ اس دستور پر حلف کر کے ممبر بنے ہیں اور وہ حلف یہ ہے کہ آپ اس کی حفاظت کریں گے اور اسے نافذ کروائیں گے۔ لیکن حقیقت یہ ہے دو سال کے اندر جن بنیادی حقوق کو نافذ ہو جانا چاہئے تھا وہ نہیں ہو سکے۔ انہوں نے اسلامی اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے کہا جب دستور بنا تو کہا گیا تھا کہ سات سال کے اندر سارے قوانین کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اسلامی احکام سے ہم آہنگ اور روشناس کروایا جائے گا لیکن یہ آج تک نہیں ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر سال حکومت مرکز میں بھی اور صوبوں میں بھی اسمبلیاں کے سامنے رپورٹ لائے کہ اس پالیسی پر عملدرآمد کے بارے میں کیا صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ

وفاق اور صوبائی خودمختاری کے لحاظ سے دستور کے اندر جو چیزیں موجود ہیں ہم کبھی ان کو نافذ ہی نہیں کر سکے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد نے کہا کہ قانون دان دستور کے اندر ترامیم تو لا سکتے ہیں لیکن اس کو تبدیل نہیں کر سکتے کہ اس کا تشخص ہی بدل جائے انہوں نے کہا کہ یہ بات ہندوستان کے دستور میں بھی موجود ہے۔انہوں نے حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہندستان کی پارلیمنٹ نے ایک دفعہ ایسی ہی دستوری ترمیم کی تھی جسے سپریم کورٹ نے واپس کر دیا تھا کہ پارلیمنٹ دستور میں ترمیم نہیں لا سکتی۔ انہوں نے کہا یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہر دستور اپنے اندر ایک ارتقائی عمل رکھتا ہے اور اس کو ہونا چاہئے بھی چاہئے کیونکہ اگر وہ دستور ایسا نہیں ہوگا تو وہ موجودہ حالات سے سازگار نہیں ہوسکتا۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد نے اراکین پارلیمنٹ پر زور دے کر کہا کہ دستوری ترامیم کے لئے ضروری ہے ہم دستور کی اصل روح کو سامنے رکھیں اور نظریاتی اختلافات کے اصلاح کے لئے کوشش کریں۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں اب تک بہت ہی کمزور دو کوششیں ہوئی ہیں جس سے ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوا۔انہوں نے کہا کہ دراصل دستور میں ترامیم کسی عوامی سہولیات کے لئے نہیں ہوئیں بلکہ حکمرانوں نے اپنے مفادات کے لئے ایسا کیا جس سے دستور کا حلیہ بگاڑ دیا گیا۔

سوالات وجوابات/اظہار رائے

سوال

سینیٹر نثار احمد میمن

(ٹیکنوکریٹ، سندھ، پی ایم ایل)

آپ حضرات سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ جب ہم نیشنل لیڈرشپ کی بات کرتے ہیں تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے کہ لیڈرشپ سول سے آئے یا آرمی سے؟ دوسرا یہ کہ کیا منتخب نمائندوں کی دوتہائی اکثریت دستور میں ترمیم کرسکتی ہے یا نہیں؟

جواب

مخدوم شاہ محمود قریشی

آپ نے بڑے جامع سوالات کئے ہیں ان کے جواب میں میں کہوں گا کہ پاکستان کے آئین اور قانون کے مطابق ریٹائرمنٹ کے بعد 2 سال کی مدت گزارنا ضروری ہے۔

جواب

جسٹس فخرالدین جی ابراہیم

نہیں جناب! ترامیم کا اختیار بہت محدود ہے اور آپ کو اختیار نہیں کہ آپ دستور میں کسی قسم کی تبدیلی لائیں جو کہ اس کی شناخت کو ختم کردے۔

سوال

محترمہ خالدہ محسن قریشی، رکن قومی اسمبلی

(NA-176، مظفرگڑھ - I، پنجاب، پی پی پی)

میرا سوال تمام ماہرین سے ہے کہ کیا ہمارے ملک کے لئے یہ بات طے ہوگئی ہے کہ یہاں پر سیاست اور آئین میں فوج کو ایک مستقل کردار مل چکا ہے اگر اسکا جواب ہاں ہے تو ہم اس نظام کو کونسا نظامِ حکومت کہیں گے؟

جواب

ڈاکٹر سید جعفر احمد

آج ایک بہت ضروری بات جو ہم نہیں کہ سکے وہ اب تک جتنے بھی مارشل لاء آئے
ہیں ان تمام

جواب

ڈاکٹر سید جعفر احمد

میں ان دونوں سوالات کا ایک ہی جواب دوں گا کہ کوئی بھی آئینی یا سیاسی بحران ہو تو اس کا حل بات چیت سے تلاش کیا جاسکتا ہے اور اس وقت جتنے بھی مسائل ہیں انہیں بات چیت سے حل ہونا چاہیے۔ یہ بات چیت نہ صرف سیاست دانوں کے درمیان ہونی چاہیئے بلکہ تمام سیاسی جماعتوں اور پارٹیوں کے درمیان بھی ہونی چاہیئے۔ اسی طرح پاکستان کی نظریاتی حقیقت کیا ہے اس پر بھی بات ہونی چاہیئے۔ مختصراً میں کہوں گا کہ ہر مسلئے کا حل بات چیت سے تلاش کیا جاسکتا ہے۔

سوال

حکیم قاری گل رحمٰن، رکن قومی اسمبلی

(NA-239، کراچی-I، سندھ، ایم ایم اے)

آئین سترہ ترامیم ہوئی ہیں یا چودہ اگر چودہ ترمیم ہوئی ہیں تو باقی ترمیم پر کیا ہوا؟

جواب

ڈاکٹر سید جعفر احمد

کل سترہ ترمیم ہوئیں جن میں سے تین سینٹ نے پاس نہیں کیئں لیکن قومی اسمبلی نے منظور کیں تو درحقیقت چودہ ترامیم منظور ہوئیں

سوال

ڈاکٹر دونیہ عزیز، رکن قومی اسمبلی

(NA-276، وومن پنجاب-I، پنجاب، پی ایم ایل)

کیا 1973 کی اسمبلی اس اہل تھی کہ دستور بنا سکے؟

جواب

ڈاکٹر سید جعفر احمد

یہ اسمبلیاں ایل ایف او کے تحت بنی تھی جب اس نے دستور بنایا تو جہاں تک مجھے یاد ہے سوائے ائر مارشل اصغر خاں کے کسی نے اسکی مخالفت نہیں کی تھی۔ کیونکہ جنگ کے بعد ملک دو حصوں میں تقسیم ہو چکا تھا۔ مشرقی پاکستان میں اراکین اسمبلی نے آزادی کا اعلان کر دیا اور مغربی پاکستان میں رہ جانے والی تمام سیاسی پارٹیوں نے اس آئین کو متفقہ طور پر منظور کر کیا۔

سوال

جناب محمد حسین مہنتی، رکن قومی اسمبلی

(NA-252، کراچی-XIV، سندھ، ایم ایم اے)

کیا سیاسی جماعتوں کے لئے بھی کوئی دستور ہونا چاہیئے؟

جواب

ڈاکٹر سید جعفر احمد

سیاسی جماعتوں کے لئے بھی دستور ہونا چاہیئے۔ بلکہ ہمیں اپنی جماعتوں پر دباؤ ڈالنا چاہیئے کہ وہ اپنے دستور بنائیں اور اپنے اندر بھی جمہوریت لائیں۔ لیکن یاد رہے کہ کسی سیاسی جماعت کے اور ریاست کے دستور میں بہت فرق ہوتا ہے۔ دستور کے بغیر ریاست ایک دن نہیں چل سکتی جبکہ سیاسی جماعتوں کے دساتیر میں وقت کے ساتھ ساتھ تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔

سوال

مخدوم سید احمد عالم انور، رکن قومی اسمبلی

(NA-192، رحیم یار خان-I، پنجاب، پی ایم ایل)

محمد علی بوگرہ کی اسمبلی کیوں توڑی گئی؟ کیا 1950ء میں تمام سیاست دان ناکام ہو چکے تھے؟

جواب

ڈاکٹر سید جعفر احمد

محمد علی بوگرہ کے فارمولے نے مشرقی اور مغربی پاکستان کی نمائندگی کا تصفیہ حل کیا تو دستور سازی کی سب سے بڑی رکاوٹ دور ہوگی ۔ اس فارمولے کی وجہ سے دستور سازی سے متعلق مسائل کو حل کرنے میں بہت مدد ملی ۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ اس دستور میں گورنر جنرل کے اختیارات کو کم کرنے کی سفارش کی گئی تھی ۔لیکن گورنر جنرل نے فوج سے مل کر سازش کی اور اسمبلی کو توڑ دیا کیونکہ ان کو ڈر تھا کہ اگر اسمبلی قائم رہی تو انکے اختیارات میں کمی کر دے جائے گی ۔انہوں نے اس بات کو جواز بنایا کہ 1950 کے عشرے میں سیاستدان نا کام ہوگئے تھے اس لئے حکومت کا خاتمہ ضروری تھا۔ اس سازش میں جنرل ایوب نے گورنر جنرل کا ساتھ دیا یہ بات اب ان امریکی دستاویزات سے ثابت ہوچکی ہے جن کا کہ میں نے پہلے ذکر کیا تھا۔ میرے خیال یہ کہنا کہ 1950ء میں ساست دان نا کام ہو گئے تھے کسی طور بھی صحیح نہیں ہے۔ اس دور میں پانچ سالہ منصوبے بنے، دستور سازی ہوئی، سٹیٹ بنک بنا اور اس کے علاوہ وہ تمام بنیادی مسائل کو حل کیا گیا جو کہ کسی بھی ریاست کو چلانے کے لئے ضروری ہیں۔

جواب

ڈاکٹر روزینہ طفیل، رکن قومی اسمبلی

(NA-290، وومن پنجاب-XVII، پنجاب، پی ایم ایل)

آپ سے پوچھنا چاہوں گی کہ فیڈریشن اور یونین میں کیا فرق ہے؟ دوسری بات یہ کہ کیا ہندوستان اور پاکستان کے صدور کے اختیارات میں کوئی بنیادی فرق اگر ہے تو وہ کیا ہے

جواب

پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر

پاکستان اور ہندوستان کے صدور کے اختیارات میں بنیادی فرق یہ ہے کہ وہاں ایجنسی اس وقت نافذ نہیں کی جا سکتی جب تک کہ کابینہ اس کی منظوری تحریری طور پر صدر کو نہ بھیجے ۔ یونین میں پارلیمنٹ کو یہ اختیار حاصل ہوتا ہے کہ وہ کسی ایک ریاست کے اختیارات واپس لے کر کسی دوسری ریاست کو دے دے لیکن فیڈریشن میں آپ یہ نہیں کر سکتے۔

سوال

جناب محمد حسین مہنتی، رکن قومی اسمبلی

(NA-252، کراچی-XIV، سندھ، ایم ایم اے)

جب سے مارشل لاء لگتے آرہے ہیں تب سے یہ دیکھا گیا ہے کہ ہر عہد میں عدلیہ نے اس اقدام پر کم توجہ دی کہ حکومت ختم کرنے کا جواز صحیح ہے یا کہ غلط بلکہ زیادہ توجہ ان غیر آئینی حکمران کو اختیارات دینے پر دی گئی کیا عدلیہ کا یہ اقدام درست تھا؟ کیا طریقہ اختیار کیا جائے کہ فوج کو سیاست میں آنے سے روکا جا سکے؟ آئین کی کونسی شق ہے جو کہ غیر مئوثر ہے؟

جواب

جسٹس فخر الدین جی ابراہیم

مجھے یہ کہنے میں کسی قسم کی کوئی ہچکچاہٹ نہیں کہ پاکستان میں عدلیہ بیوروکریسی اور پارلیمنٹ نا کام ہوئی ہیں اور اس ناکامی کا تمغہ اگر کسی کو ملنا چاہئے تو وہ عدلیہ ہے۔ عدلیہ نے وہ حق ادا نہیں کیا جس کا کہ انہوں نے حلف اُٹھایا تھا۔ اسی طرح پارلیمنٹ کا بھی قصور ہے کہ وہ پی سی او کو مان لیتی ہے۔ ان حالات میں ججز کے پاس بھی کوئی اور چارہ نہیں کہ وہ ان غیر آئینی حکمرانوں کے تابع ہو جائیں۔ لیکن میں کہوں گا کہ جج صاحبان کو باطل کا ساتھ نہیں دینا چاہیے اس کے لئے انہیں اپنی نوکریاں ہی کیوں نہ قربان کرنی پڑیں۔ فوج کے حلف میں یہ بات شامل ہوتی ہے کہ وہ کسی بھی صورت سیاست میں حصہ نہیں لیں گے۔ صدر مشرف کا بطور صدر انتخاب غیر آئینی ہے اور جس ریفرنڈم کے تحت وہ برسر اقتدار آئے ہیں وہ غیر قانونی ہے۔

سوال

حکیم قاری گل رحمان رکن قومی اسمبلی

(NA-239، کراچی-I، پنجاب، ایم ایم اے)

آئین میں کوئی ایسا آرٹیکل یاشق ہے جوکہ جامد ہے اور کوئی اسمبلی اس پر عمل کر بھی کارروائی نہیں کرسکتی۔

جواب

جسٹس فخرالدین جی ابراہیم

میرے خیال میں جنرل پرویز مشرف کا بطور صدر منتخب ہونا اب دستور کا حصہ نہیں ہے۔ یہ کہاں کا قانون ہے کہ فرد واحد خود کو 5 سال کے لئے صدر بنالے۔ میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر آئین کا احترام نہ کیا تو کوئی محفوظ نہیں رہے گا

سوال

سینیٹر پروفیسر روشن خورشید بروچہ

(بلوچستان، وومن، پی ایم ایل)

میرا سوال احمد بلال محبوب صاحب سے یہ ہے کہ پلڈاٹ جو کام کر رہا اس سے نظام میں تبدیلی ان تک آئی ہے؟

جواب

جناب احمد بلال محبوب

ایگزیکٹو ڈائریکٹر پلڈاٹ

جو سیشن ہم منعقد کرتے ہیں اس میں جو کچھ کہا جاتا ہے ہم ان ساری باتوں کو ایک بریفنگ سیشن کی کاروائی کے نام پر چھاپ دیتے ہیں اس کے بعد ان کی کاپیاں تمام اراکین پارلیمنٹ اور قومی وصوبائی سطح پر فیصلہ سازی کرنے والے لوگوں تک بھی پہنچاتے ہیں۔ یہ کہنا بڑا مشکل ہے کہ ان باتوں کا کیا اثر ہے یہ ہوگا؟ میرے خیال میں پلڈاٹ کی یہ کوشش ثانوی حیثیت رکھتی ہے ضروری یہ کہ آپ لوگ جو اراکین پارلیمنٹ ہیں خواہ وہ حکومت سے تعلق رکھتے ہوں یہ حزب اختلاف سے ان کو چاہئے کہ وہ اپنا کردار ادا کریں اور مطالبات کی بجائے فیصلے کریں۔ اہم امور کو سامنے لانا ان پر فیصلے کرنا یہ آپ ہی کا منصب ہے اور اسی طرح آپ پارلیمنٹ کی بالادستی قائم کر سکتے ہیں۔

صدارتی کلمات

مخدوم شاہ محمود قریشی

رکن قومی اسمبلی

جناب مخدوم شاہ محمود قریشی نے پلڈاٹ کو مبارک باد پیش کی کہ اس نے ایک اہم سنجیدہ اور حساس موضوع پر بریفنگ سیشن کا اہتمام کیا جس سے اراکین پارلیمنٹ کو ایک دوسرے کو نہ صرف سننے کا موقع ملا بلکہ ان کے ذہنوں میں پائے جانے والے خدشات اور اعتراضات کو بھی کسی حد تک کم کرنے میں مدد ملی۔ انہوں نے کہا کہ 50 کے قریب اراکین پارلیمنٹ کا اس بریفنگ سیشن میں شامل ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ لوگ قوانین اور اصول وضوابط کو سیکھنے میں کتنی دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ کام اسی طرح جاری رہا تو اس کے بڑے اچھے نتائج نکلیں گے۔

مقررین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو مقالہ جات پیش کئے گئے وہ نہ صرف اعلی معیار کے حامل تھے بلکہ ان سے ہمیں کئی تاریخی اور سیاسی حقائق سے بھی آگاہی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا اور ہندستان کا بنیادی فرق صرف یہ ہے کہ ان کی فوج نے سیاست دانوں کی غلطیوں کے باوجود ہمیشہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور 57 سال تک جمہوریت کو چلنے دیا اس کے برعکس ہم اس صبر وتحمل کا مظاہرہ نہیں کر سکے یہی وجہ ہے کی آج پاکستان کے لوگ، شہری اور اراکین پارلیمنٹ یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ پاکستان میں جمہوریت کا کیا مستقبل ہے؟ اور فوج کا اس میں کیا کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان سوالات کا جنم لینا اس بات کی دلیل ہے کہ ہم نے ان مسائل کے حل کی طرف سوچنا شروع کر دیا ہے جو کہ سیاسی طور پر ہمیں پیش آرہے ہیں۔

ضمیمہ الف

بریفنگ سیشن پروگرام

بریفنگ سیشن پروگرام

نمبر	موضوع	وقت	مقرر
1۔	شرکاء کی رجسٹریشن	9:30 تا 10:00 صبح	
2۔	استقبالیہ کلمات وتعارف	10:00 تا 10:20 صبح	جناب احمد بلال محبوب، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پلڈاٹ
3۔	پاکستان کے آئین کا اجمالی جائزہ	10:20 تا 11:00 صبح	ڈاکٹر سید جعفر احمد، ڈائریکٹر مطالعہ پاکستان مرکز کراچی یونیورسٹی
4۔	17 آئینی ترامیم کا جائزہ	11:00 تا 11:30 صبح	جناب جسٹس فخر الدین جی ابراہیم، سابق وزیر قانون
5۔	پاکستان اور بھارت کے آئین: ایک تقابلی جائزہ	11:30 تا 12:00 دوپہر	پروفیسر ڈاکٹر سجاد نصیر، پروفیسر شعبہ سیاسیات پنجاب یونیورسٹی
6۔	خصوصی کلمات	12:00 تا 12:10 سہ پہر	سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، چیرمین انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز
7۔	صدارتی کلمات	12:10 تا 12:20 سہ پہر	مخدوم شاہ محمود قریشی، رکن قومی اسمبلی
8۔	سوالات وجوابات/اظہار رائے	12:20 تا 01:00 سہ پہر	
9۔	ظہرانہ و بریفنگ کا اختتام	01:00 سہ پہر	

ضمیمہ ب

شرکاء کی فہرست اور خاکہ

شرکاء کی فہرست اراکین قومی اسمبلی

1	مولانا حمید الحق حقانی، NA - 6	ایم ایم اے
2	مولانا عطاء الرحمٰن، NA - 25	ایم ایم اے
3	مولانا اسد اللہ، NA - 33	ایم ایم اے
4	احمد غفور، NA - 34	ایم ایم اے
5	مولانا معراج الدین، NA - 42	آزاد
6	زمرد خان، NA - 54	پی پی پی
7	ملک امین اسلم خان، NA - 57	پی ایم ایل
8	محمد فرہاد لطیف، NA - 93	پی ایم ایل
9	مخدوم شاہ محمود حسین قریشی، NA - 148	پی پی پی
10	خالدہ محسن قریشی، NA - 176	پی پی پی
11	مخدوم سید احمد عالم انور، NA - 192	پی ایم ایل
12	حکیم قاری گل رحمٰن، NA - 239	ایم ایم اے
13	محمد حسین مہنتی، NA - 252	ایم ایم اے
14	اسد اللہ بھٹو، NA - 253	ایم ایم اے
15	عبدالروف مینگل، NA - 269	بی این پی (ایم)
16	ڈاکٹر دونیا عزیز، NA - 276	پی ایم ایل
17	ڈاکٹر روزینہ، NA - 290	پی ایم ایل
18	سمیعہ راحیل قاضی NA -	ایم ایم اے
19	میمونہ ہاشمی، NA - 302	پی ایم ایل (ن)
20	روبینہ سادات قائم خانی، NA - 312	پی پی پی
21	گل فرخندہ، NA - 320	پی ایم ایل
22	زیب گوہر ایوب، NA - 322	پی ایم ایل
23	سیدہ فرحانہ خالد بانوری، NA - 323	ایم ایم اے
24	نیر سلطانہ، NA - 325	ایم ایم اے
25	جمیلہ احمد، NA - 326	ایم ایم اے
26	بلقیس سیف، NA - 331	ایم ایم اے

شرکاء کی فہرست اراکین سینٹ

1	مہم خان	بی این پی (اے)
2	ثناء اللہ بلوچ	بی این پی
3	محمد اسلم بلیدی	بی این ایم
4	روشن خورشید بروچہ	پی ایم ایل
5	حمید اللہ جان آفریدی	آزاد
6	پروفیسر خورشید احمد	ایم ایم اے
7	مولانا رحمت حسین	ایم ایم اے
8	ممتاز بی بی	ایم ایم اے
9	روزینہ عالم خان	پی ایم ایل
10	محمد عباس کمیلی	ایم کیو ایم
11	نثار احمد میمن	پی ایم ایل
12	رخسانہ زبیری ایڈووکیٹ	پی پی پی
13	کلثوم پروین	پی ایم ایل

خاکہ اراکین قومی اسمبلی

جماعتوں کے لحاظ سے نمائندگی

جماعت	بریفنگ سیشن میں شرکت		اسمبلی میں فیصد تناسب
	تعداد	فیصد	
بی این پی (ایم)	1	4	0.3
آزاد	1	4	4
ایم ایم اے	12	46	18
پی ایم ایل (این)	1	4	5
پی ایم ایل	7	27	43
پی پی پی	4	15	17
ٹوٹل	**26**	**100**	



صوبوں کے لحاظ سے نمائندگی

صوبے	بریفنگ سیشن میں شرکت		اسمبلی میں فیصد تناسب
	تعدا	فیصد	
بلوچستان	2	8	5
فاٹا	1	4	3
سرحد	8	31	13
پنجاب	10	38	55
سندھ	5	19	23
ٹوٹل	**26**	**100**	



خاکہ اراکین قومی اسمبلی



جنس کے لحاظ سے نمائندگی

جنس	بریفنگ سیشن میں شرکت		اسمبلی میں فیصد تناسب
	تعداد	فیصد	
مرد	12	46	22
خواتین	14	54	78
ٹوٹل	**22**	**100**	**100**

خاکہ اراکین سینٹ



جماعتوں کے لحاظ سے نمائندگی

جماعت	بریفنگ سیشن میں شرکت		سینٹ میں فیصد تناسب
	تعداد	فیصد	
بی این ایم	1	8	1
بی این پی (اے)	1	8	1
بی این پی (ایم)	1	8	1
آزاد	1	8	12
ایم ایم اے	3	22	18
ایم کیوایم	1	8	6
پی ایم ایل	4	30	37
پی پی پی	1	8	11
ٹوٹل	**13**	**100**	

خاکہ اراکین سینٹ

صوبوں کے لحاظ سے نمائندگی

صوبے	بریفنگ سیشن میں شرکت تعداد	بریفنگ سیشن میں شرکت فیصد	سینٹ میں فیصد تناسب
بلوچستان	5	38	22
فاٹا	1	8	8
سرحد	3	23	22
پنجاب	1	8	22
سندھ	3	23	22
ٹوٹل	**13**	**100**	



جنس کے لحاظ سے نمائندگی

جنس	بریفنگ سیشن میں شرکت تعداد	بریفنگ سیشن میں شرکت فیصد	سینٹ میں فیصد تناسب
مرد	5	38	18
خواتین	8	62	82
ٹوٹل	**13**	**100**	



ضمیمہ ج

جناب احمد بلال محبوب

ایگزیکٹو ڈائریکٹر پلڈاٹ کی پریزنٹیشن

PILDAT
Pakistan Institute of Legislative Development And Transparency

Briefing Session for Parliamentarians and Parliamentary Staff

Overview of the Constitution

August 02, 2004, Islamabad

Welcome Remarks & Introduction

1

PILDAT

Welcome!

- **Very warm Welcome to All**
- **Please Check out Contents of the Dossier**
- **Three Briefing Papers (Urdu and English)**
  - Overview of the Constitution of Pakistan
  - Amendments to the Constitution of Pakistan
  - A comparative study of the Constitutions of Pakistan and India
- Feedback Form / Data Form / Publication Request Form
- Papers/ Presentations of Speakers

2

PILDAT

The Programme Overview

- **This briefing provides an opportunity to collectively learn, understand and discuss critical issues related to the subject**
- Topics include:
  - Overview of the Constitution of Pakistan
  - Overview of 17 Constitutional Amendments
  - Constitutions of Pakistan and India: A Comparison

3

PILDAT

Objectives

- **To present Parliamentarians and Parliamentary Staff with an overview of the Constitution of Pakistan and its Amendments**
- **Prepare Parliamentarians and Parliamentary Staff to make an effective contribution in constitutional debates and relevant legislative issues in and outside Parliament**

4

PILDAT

Why we hold briefings for parliamentarians

- **To empower Parliamentarians (Knowledge is power)**
- **To see Parliamentarians participating in policy-making & oversight of the Executive (Supremacy of Parliament)**
- **To see Democracy and Democratic Institutions strengthened in Pakistan**

5

PILDAT

What is PILDAT?

- **Independent, Non-profit, Research & Study Institute**
- **Indigenous entity well-versed in local conditions**
- **Strictly Non-partisan: Values trust of all parties**
- **Dedicated to Parliamentary Strengthening**
- **Mission: Strengthening Democracy & Democratic Institutions for a better Democratic Pakistan**
- **PILDAT joined PLSC for SNPLG**

6

Who funds PILDAT?

- Seed money by Overseas Pakistanis
- Pilot project funded by UNDP
- Seek and accept support from all sources without any covert or overt strings (Pure PILDAT Agenda)
- So far events are supported by UNDP, FNS, FES, DFID, The World Bank, IRI etc.
- Now several PILDAT events supported by USAID

7

What is the PLSC?

- Consists of 2 International & 5 Pakistani Org.
- International Org: World Vision & IFES
- Pakistani Org:
- PILDAT: Legislative Training
- The Researchers: Heads CSAG & Sind Chapter
- CCHD: Heads Punjab Chapter
- IRDO: Heads Balochistan Chapter
- AWARD: Heads NWFP Chapter

8

What is the SNPLG project?

- Strengthening National & Provincial Legislative Governance
- Started 29th Sep 03, Duration: 3 Years
- Components:
  - Legislative Training
  - Civil Society Action
  - Legislative Transparency
  - Research & Media
- Supported by USAID

9

Some recent activities of PILDAT

- Parliamentary Internship Programme
- Briefing Sessions for Parliamentarians on:
  - Freedom of Information
  - Poverty Reduction and the Budget
  - Effective Committee System
- Briefing Sessions & Workshops for MPAs on:
  - Effective Committee System - Punjab Assembly
  - Provincial Budget Process – Punjab, Sind, Balochistan and NWFP

10

Near-future activities

- Provincial Briefings on Committee System for other provinces – Sind, Balochistan & NWFP
- Legislative Training Programme Curriculum Development
- Workshop for Parliamentarians on Resolution of Issues: Provincial Autonomy, Devolution Plan
- Study tour to Indian Parliament
- Briefing for Parliamentarians on How Govt. Works

11

Towards reaching goals

- Legislative Strengthening Group has been formed
- From July 2003 – June 2004;
- Out of 342, 120 MNAs have attended PILDAT events
- Out of 100, 42 Senators have attended PILDAT events
- 51% Parliamentarians repeatedly attend PILDAT events
- Party Representation – PMLQ 29.6%, PPPP 23.5%, MMAP 22.2%, MQM 8.6%, PML(N) 3.7%, MMA 3.1%, IND 2.5%, PPP(S) 1.9%, NA 1.2%, and BNP(A), BNP(M), BNPM, PML (F), PML(J) - all 0.6%

12

ضمیمہ ج

جسٹس فخرالدین جی ابراہیم

کی تقریر

Speech
by
Justice (Retd.) Fakhruddin G. Ebrahim

I am grateful to Pakistan Institute of Legislative Development and Transparency for inviting me to share with you my thoughts on the subject of Amendments to the 1973 constitution. It is indeed a privilege for me to address our distinguish lawmakers. Law is the essence of life. Without law no meaningful existence is possible. No wonder it is said that “where law ends anarchy begins.” This is said in relation to normal ordinary laws. What happens if a constitution - the fundamental law - the basic law - the paramount law, is so mauled and mutilated so as to lose its original identity? We find ourselves chasing a black cat in a dark room. We do not know where we are and where we are going. In the words of Mr. Ahmad Ali Khan, “What follows is inevitable uncertainty. Another distinguished journalist Kaleem Omar uses the expression “chronic uncertainty”. We go from nowhere to nowhere.

Constitution is the very heart of a republic. Once adopted it represents national consensus and when it is Federal in character it is not easily susceptible to change. Constitution cements the unity and integrity of a country and ensures its continuity. (Mother of all institutions). History of our fundamental law, the basic law - and I will start with the consensus 1973 constitution - can appropriately be called the history of unmaking of the constitution. It took us over nine years to enact and enforce our first consensus constitution of the Islamic Republic of Pakistan on 14.8.73 - credit for this must go to Mr. Z.A.B. - his single most important achievement.

<u>09.5.1974</u>
<u>&</u>
<u>16.9.1977</u>

However between 9.5.74 and 16.9.77 seven amendments acts amending the constitution.

1st Amendment: 09.5.1974
Article 17: Freedom of Association.
Unrestricted right to form a political party was amended whereby reasonable restrictions can be put by the parliament on the right to form and continue a political party in the interest of security and integrity of Pakistan.

Reference to Supreme Court after declaring a party dissolved if a party operating in a manner prejudicial to safety and integrity of Pakistan.

Article 199: Amended.

Armed Forces bar extended so as to extend to retired army officers and all persons for the time subject to any law relating to any of those forces.

2nd Amendments: 17-9-1974.

Ahmadis made non-Muslims.

3rd Amendment: 18-2-1975

Article 10: Safeguards against arrest and detention. Detention now permissible for three months

instead of one month. Grounds for detention within 15 days instead of one week. Earlier detention for more than 12 months in any two years permissible only for enemy. But now extended to persons acting in any manner prejudicial to the integrity, security and defense or committing anti-national activity.

Article 232: Proclamation of Emergency.

Instead of bi-annual parliament approval to continue until disapproved in a joint sitting.

4th Amendment: 25-11-1975

Article 17: Re-political party. Further amended and extended to restrictions for public order or morality. (Earlier restrictions only in the interest of sovereignty and integrity of Pakistan.

Article 199: No bail to a person detained.
Financial stay for 60 days only.

5th Amendment: 15-9-1976

Article 175: Separation (of Judiciary from the Executive) period extended from 3 to 5 years.

Article 179 & 195: Curtailing the tenure of Chief Justices (five years and four years). Chief justice to retire or continue as Sr. Puisne Judge.

Article 199: No bail or suspension of an order of detention.

No bail to a person against whom a complaint has been made to a Court or a tribunal or against whom a complaint has been registered with the police Or who had been convicted by a Court or Tribunal.

With effect from 25-11-1975.

All orders abated.

Article 200: Now a judge can be transferred for one year from one High court to another without consulting chief justice and without consent of the judge.

Article 206: If a judge does not go to Supreme Court he ceases to be the judge.

Article 180: Acting Chief Justice need not be the senior most judge.

Article 280: Orders made under any law made in pursuance of Proclamation of Emergency issued on 23-1-1971 to be deemed to be valid but now the validity extended to orders made in the violation of Fundamental Rights.

6th Amendment: 04-1-1977

Article 179: Amended. Yakoob Ali Amendment

7th Amendment: 16-5-1977

Article 245: Amended. Validity of mini marital law in aid of civil power not open to question. No writ jurisdiction in areas under mini marital law.

These amendments were sought to be justified on the ground that amendments were made competently by an elected parliament under the amending power of the parliament granted by the constitution. The fact, however, remains that each amendment was retrogressive and resulting in denial rights of the people.

For further amendments we had to await the arrival of General Zia on the scene. His rule, which commended on 5th of July 1977, was the longest in Pakistan's history and most unfortunate for the consensus 1973 constitution.

No doubt General Zia was given power to amend the constitution by Supreme Court of Pakistan in Nusrat Bhutto's case but the power given to General zia was not unconditional power to amend the constitution for the supreme court expressly held that the amendments were subject to challenge in a court of law as not answering the test of necessity and if this limitation is made redundant, (and it was in fact made redundant) the power to amend will also become not existent.)

<u>16.10.1979</u>

On 16.10.1979, the CMLA president added Article 212-A, by constitution (Second Amendment) ordinance 1979, whereby the jurisdiction of superior courts to examine the validity of Proclamation of marital law of 5th July 1977, the M.L.Rs. and the M.L.Os. and actions taken hereunder were, notwithstanding any judgment, not open to question in any court of law on any ground whatsoever.

<u>27.5.1980.</u>

